میرا نام جمیل احمد ہے -- آبائی شہر کوٹری، سن پیدائش یاد نہیں۔

بقول غالب

"کب سے ہوں کیا بتاؤں جہانِ خراب میں"

لیکن اماں کہتی تھیں کہ " مئی کی غالباً ساتویں صبح یہ عظیم واقعہ پیش آیا"۔ تعلیم BBA-- پیشے کے اعتبار سے .Govt. Contractor پراپرٹی پول انویسٹر ہوں-- یعنی کچھ دوست مل کر پراپرٹی خریدتے ہیں اور پھر اسے بیچتے ہیں۔ یہ سب تام جام دنیا کو دکھانے کیلئے ہے۔ کیونکہ ہمارے ملک میں ایک بزنس سے فیملی رن کرنا بہت مشکل کام ہے۔

اگر مجھ سے پوچھیں تو دراصل میں ایک رائٹر ہوں۔

کاروبار محض اس لئے کرتا ہوں کہ ہمارے ملک کا drawbackیہ ہے کہ جب کسی کو بتاتا ہوں کے میں رائٹر ہوں تو وہ کہتے ہیں کہ رائٹر تو تم ہوں لیکن کرتے کیا ہو--؟ جیسا کہ آپ جانتے ہیں ایک رائٹر کیلئے اس فن کے اسرار و رموز کا جاننا، زبان و بیان پر قدرت ہونا ضروری ہے، اسی طرح طبیعت کی حساسیت، توازن، جستجو، مشاہدہ، عرفان و وجدان، حق شناسی و حق گوئی کا ہونا بیحد ضروری ہے۔ قدرت نے اِن نعمتوں کا کچھ نہ کچھ حصہ میری جھولی میں ڈال دیا ہے۔ سو، اسکول کے زمانے سے ہی لکھنے لکھانے کی طرف مائل ہوگیا تھا۔ کالج کے زمانے تک باقاعدہ نظمیں، غزلیں، ڈرامہ اور افسانہ لکھنا شروع کردیئے تھا۔

بقول میر

ہم کو شاعر نہ کہواے میر کہ صاحب ہم نے

درد و غم اتنے کئے جمع تو دیوان کیا۔

جیسا کہ میں عرض کرچکا ہوں کہ میں ایک کاروباری آدمی بھی ہوں۔ مستزاد یہ کہ میرا پیشہ میری طبیعت اور مزاج کے قطعی برعکس ہے--- حساس طبیعت کے باعث میں ایک NGOکا حصہ بن گیا جس کا نام Precious Life Welfare Organization ہے۔ اس کا حصّہ بن کر اور لوگوں کی مدد کر کے دل کو بے پناہ سکون ملا۔

اپنی خانہ بدوش طبیعت کی بناء پر سفر کرنے کا شوق پیدا ہوا اور پھر ملکوں ملکوں خاک چھانتا پھرا اور اللہپاک کی اس رنگارنگ دنیا کو محسوس کرتا گیا اور اپنے ربّ کی یکتائی پر سبحان اللہ کہتا گیا۔ مختلف رنگ و نسل کے لوگوں سے مل کر، اُن کے رہن سہن، اور مختلف رسم و رواج کو دیکھ کر اُن کی زندگی جینے کے فن اور اُن کے مختلف تجربات میرے قلم کو جِلا بخشتے ہیں-- اور اب یہ لت میرے خون میں سرایت کر گئی ہے۔ پھر ایک دن بیٹھے بیٹھے مجھے یہ خیال آیا کہ ان تجربات کو آپ لوگوں سے بانٹا جائے اور نئے لوگوں کو جن کی روح ایسے سوالات کے جوابات کیلئے اُن کے ذہنوں میں دربدر بھٹک رہی ہے مثلاً یہ سب کیوں وجود میں آیا ؟ اور مختلف ملکوں میں، لوگ مختلف زبانیں، رہن سہن اور مذاہب میں کیونکر بٹ گئے---؟؟ تو میں نے یہ سوچا کہ ایک ویب سائٹ بنائی جائے اور نئے آنے والوں کو بتایا جائے کہ زندگی میرے کیمرے سے کیسی دکھائی دیتی ہے۔